© rasailojaraid.com



کتاب کی ترتیب میں سلیقے کا ثبوت دیا گیا ہے۔ یہ کتاب حرمین شریفین کے سفرناموں میں ایک معلوماتی سفرنامے کا مفید اضافہ ثابت ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نام کتاب: نقوش سیرت

مولف: مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی

ناشر: مجلس تحقیقات ونشریات اسلام لکھنو

صفحات ۲۰۸

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن

مولانا سید محمد رابع ندوی ہندستان کے معروف علما و مفکرین میں شمار ہوتے ہیں ان کے مضامین سیرت کا یہ مجموعہ دعوتی اسلوب میں اہم کاوش ہے۔ مختلف موضوعات پر مختلف اوقات میں لکھے گئے یہ مختصر مضامین مطالعہ سیرت کے دعوتی منہج کو ہمارے سامنے سادہ مگر موثر اسلوب میں پیش کرتے ہیں۔ پچیس کے قریب یہ مضامین کسی نہ کسی حوالے سے ہماری عملی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں، خصوصاً بعض عنوانات بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں مثلاً:

صفات نبوی ہر خاص وعام کے لئے قابل عمل ہیں

اسوہ رسول ﷺ اور ہمارا فرض

سیرت نبوی میں اعتدال وتوازن

ساری انسانیت کے لئے نعمت ورحمت

نبی اکرم ﷺ کا طریقہ دعوت وتبلیغ اور عصری تحریکات

عہد حاضر میں تعلیمات نبوی کی ضرورت

تربیت وسلوک میں رعایت اور گفت گو میں ادبی حسن

سیرت نبوی اور ادب، وغیرہ

ساری انسانیت کے نعمت ورحمت کے زیر عنوان گفت گو کرتے ہوئے ایک مقام پر رسول اکرم ﷺ کی انسانیت نوازی کا ذکر یوں کرتے ہیں:

© rasailojaraid.com